کوِیڈ-19 کے علاج کی تبدیلیوں سے مستفید ہونا

ایسے لوگ جنہیں کوِیڈ-19 سے شدید طور پر بیمار ہو جانے کا خطرہ لاحق ہو، اگر وہ اہل ہوں، تو اپنے علاج تک رسائی جاری رکھنے، کوِیڈ-19 کی علامات سے نمٹنے اور شدید بیمار ہونے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے، اپنی مقامی کوویڈ میڈیسن ڈیلیوری یونٹ سروس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

کوویڈ-19 ٹیسٹ کے مثبت نتائج کی اطلاع دینے کے بعد، علاج کے لیے اب NHS کی جانب سے لوگوں کے ساتھ خودبخود رابطہ نہیں کیا جائے گا۔ لوگ اب پہلے مرحلے پر اپنی GP پریکٹس کے ذریعے اپنی مقامی سروس تک رسائی حاصل کر سکیں گے، جو انہیں قریب ترین موجود کوویڈ میڈیسن ڈیلیوری یونٹ سروس کی جانب ریفر کریں گے۔

GP کے اوقات کار کے علاوہ، ریفرل کے لیے لوگ NHS 111 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر لوگ اپنے مقامی GP تک پہنچنے سے قاصر ہوں، تو وہ اپنے ہسپتال کے اسپیشلسٹ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں، اگر ان کو میسر ہو۔

NHS نے ایسے لوگوں کے ساتھ تحریری طور پر رابطہ کیا ہے جن کو سب سے زیادہ خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔

کون کوویڈ-19 کے علاج کا اہل ہو سکتا ہے؟

اگر درج ذیل میں سے تمام کا اطلاق ہوتا ہو، تو آپ کوویڈ-19 کے علاج کے لیے اہل ہو سکتے ہیں:

- آپ کو کوویڈ-19 سے شدید طور پر بیمار ہونے کا بہت زیادہ خطرہ لاحق ہو۔
- آپ میں گزشتہ پانچ دنوں سے کوویڈ-19کی علامات موجود ہوں اور بہتری کے کوئی آثار نظر نہ آ رہے ہوں۔
- آپ کا کوویڈ-19 ٹیسٹ مثبت آیا ہو۔

نگہداشت صحت کا کوئی ماہر یہ تصدیق کرے کہ آپ علاج کے لیے اہل ہیں۔

مخصوص حالات کے حوالے سے مزید معلومات [NHS کی ویب سائٹ] پر دستیاب ہیں۔

کون سے علاج دستیاب ہیں؟

علاج میں مونوکلونل اینٹی باڈی (nMAB) کو بے اثر کرنا یا اینٹی وائرل علاج شامل ہے۔

کچھ علاج کیپسول یا گولیوں کی صورت میں دستیاب ہیں جنہیں آپ نگل سکتے ہیں۔ جبکہ دوسرے علاج GP پریکٹس میں آپ کو آپ کے بازو میں ڈرپ (انفیوژن) کے ذریعے دیے جاتے ہیں۔

تفصیلی معلومات [NHS کی ویب سائٹ] پر دستیاب ہیں۔

کوویڈ-19 کا علاج کیسے حاصل کیا جائے

اگر آپ علاج کے لیے اہل ہیں، تو آپ کو درج ذیل مراحل پر عمل کرنے کی ضرورت ہو گی:

1. آپ کو لیٹرل فلو ٹیسٹ گھر پر رکھنے چاہیں، لیکن ان کا استعمال صرف اسی صورت میں کریں جب آپ میں علامات ظاہر ہوں۔ اگر آپ مفت تیز رفتار لیٹرل فلو ٹیسٹ کے لیے اہل ہیں، تو اب آپ اسے مقامی فارمیسی سے وصول کر سکتے ہیں۔ یہ نظام اب gov.uk اور NHS 119 کی جانب سے فراہم کیے جانے والے مفت تیز رفتار لیٹرل فلو ٹیسٹوں کے لیے آن لائن اور بذریعہ ٹیلیفون آرڈر کرنے کی خدمات کی جگہ لے رہا ہے۔ فارمیسی آپ سے آپ کی میڈیکل ہسٹری کے بارے میں پوچھ سکتی ہے، تاکہ یہ تصدیق کی جا سکے کہ آپ مفت ٹیسٹوں کے لیے اہل ہیں۔

اگر آپ کے پاس NHS کی طرف سے آپ کو بھیجے گئے اس خط یا ای میل کی ایک کاپی موجود ہے جس میں یہ ذکر کیا گیا ہو کہ آپ کوویڈ-19 کے علاج کے لیے اہل ہیں، تو اسے اپنے ساتھ لے کر جائیں۔ خط یا ای میل دکھانا

ضروری نہیں ہے، لیکن یہ فارمیسی کو اس بات کی آسانی سے تصدیق کرنے میں مدد دے گا کہ آپ مفت ٹیسٹوں کے لیے اہل ہیں۔

آپ کی طرف سے کوئی اور شخص بھی یہ مفت ٹیسٹ وصول کر سکتا ہے، مثال کے طور پر کوئی دوست، رشتہ دار یا آپ کا کوئی نگہداشت کنندہ۔ اگر آپ کا کوئی بھی دوست، رشتہ دار یا دیکھ بھال کرنے والا ایسا شخص نہیں ہے، جو آپ کے ٹیسٹ وصول کر سکے، تو اس کے لیے آپ 0808 196 3646 پر کال کر کے رضاکارانہ خدمات سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

آپ کی جانب سے مفت ٹیسٹ وصول کرنے والے کسی بھی شخص کو فارمیسی کو آپ کی تفصیلات دینی ہوں گی، بشمول آپ کا:

- پورا نام
- پتہ
- تاریخ پیدائش
- NHS نمبر (اگر دستیاب ہو)
- طبی حالت (حالات) آپ کی اہلیت کی تصدیق کے لیے

وصول کرنے کے لیے انہیں ان خطوط یا ای میلز کی کاپیاں بھی اپنے ساتھ لانی چاہیں، جو NHS کی جانب سے آپ کو کوویڈ-19 کے علاج کے حوالے سے بھیجی گئی ہیں۔

آپ کسی دکان سے خریدے گئے ٹیسٹ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

1. اگر آپ کو **کوویڈ-19 کی علامات کا** سامنا ہے، تو آپ کو فوری طور پر ٹیسٹ کرانا چاہیے، بیشک آپ کی علامات ہلکی پھلی ہی کیوں نہ ہوں۔

    1. اگر آپ کا ٹیسٹ منفی ہے لیکن آپ میں علامات جاری ہیں، تو آپ کو اگلے دو دنوں میں سے ہر ایک دن پر ایک اور ٹیسٹ کرانا چاہیے (یعنی تین دنوں میں کل تین ٹیسٹ)۔ جہاں ممکن ہو آپ کو اپنے ٹیسٹ کے نتائج کی اطلاع اپنا NHS نمبر اور پوسٹ کوڈ استعمال کرتے ہوئے آن لائن طور پر یا 119 پر کال کر کے دینی چاہیے۔ آپ فارمیسی یا دکان سے خریدے گئے کسی بھی ٹیسٹ کے نتیجے کی اطلاع نہیں دے سکتے لیکن اس سے علاج کے لیے تشخیص تک آپ کی سہولت متاثر نہیں ہو گی۔

2. اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو آپ کو جلد از جلد اپنی GP پریکٹس سے رابطہ کرنا چاہیے تاکہ وہ آپ کو علاج کے لیے تشخیص کروانے کے لیے موزوں طور پر ریفر کر سکیں۔ GP کے اوقات کار کے علاوہ، ریفرل کے لیے لوگ NHS 111 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر لوگ اپنے مقامی GP تک پہنچنے سے قاصر ہوں، تو وہ اپنے ہسپتال کے اسپیشلسٹ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں، اگر ان کو میسر ہو۔

لیٹرل فلو ٹیسٹوں کی اطلاع دینا

آپ کو اپنے ٹیسٹ کے نتائج کی اطلاع اپنا NHS نمبر اور پوسٹ کوڈ استعمال کرتے ہوئے آن لائن طور پر یا 119 پر کال کر کے دینی چاہیے۔ آپ اس ٹیسٹ کٹ کے نتیجے کی اطلاع نہیں دے سکتے جو آپ نے خود خریدی ہے، لیکن اس کی وجہ سے علاج کے لیے تشخیص تک آپ کی رسائی کی سہولت متاثر نہیں ہو گی۔

مزید معلومات **NHS کی ویب سائٹ** پر دستیاب ہیں۔